This gruelling mega race was won by WAPDA's Sabir Hussain. He was followed by his colleague Mohammad Ibrahim. WAPDA also won the team title followed by SSGC and Pakistan Army who secured second and third positions respectively. ■













Transition

Mother of Mirza Asghar Baig, Sr. Engineer, Measurement Department, Head Office breathed her last in March 2011.

Father of Ishtiaq Ahmed Suptd, PEP Section (Admin Services) Passed away on April 2, 2011

May their souls rest in peace. Ameen



Mohtaram Iqbal Abbasi, uncle of Dr. Faizullah Abbasi, MD, SSGC passed away on March 15, 2011. Dua being offered for the departed soul.

CFO, CTIO earns SGM status

Shahid H. Jafri, CFO and Irfan Zafar, CTIO were recently presented with promotion letters that marked their elevation as the Company's Senior General Managers.

Salim Abbas Jilani, Chairman, SSGC presented the promotion letters to both the gentlemen at a simple ceremony held at the Board Room on March 18, 2011. Dr. Faizullah Abbasi, MD, SSGC and members of top management including Azim Iqbal Siddiqui, DMD (South), Syed Hassan Nawab, DMD (North), Mohammad Hashim, Special Project Director (Coordination and Special Projects), SGMs, ASGMs and several GMs were present on the occasion.

Both these senior managers have held key positions in SSGC having implemented major initiatives in their areas of focus. ■







Saleem Majeed becomes an executive

Saleem Majeed of Administrative Department's MIS Section was recently promoted as Executive (Grade 1 cadre) after having held the Sr. Superintendent position for the last sixteen years. Mr. Majeed was promoted on March 15, 2011. ■

Re-designations

- With effect from March 2011, Shakir Aleem, DGM, New Towns and Villages has been re-designated as Acting General Manager, Distribution Department Projects Development (previously New Towns and Villages Department) and now reports to SPD (C&SP). In addition to this, he continues to look after the responsibilities of PSO to MD.

- Consequent upon the retirement of Muhammad Akram, Acting General Manager (F&A), Finance Department, Hyderabad, Mumtaz Hussain Shaikh, DGM, Finance Department, Hyderabad has been re-designated as DGM (F&A), Hyderabad with effect from March 22, 2011. ■





Regularize your Gas Generator to Solve Low Gas Pressure Problems




- Installation of gas generators without SSGC's approval is illegal as per Company Rules.
- Regularizing gas generators, after installation of required capacity meter/regulator, shall improve gas pressure.
- SSGC Sales personnel shall assist you in completing the required formalities.
- SSGC teams are undertaking surveys and are authorized to disconnect illegal gas connections.

For expert advice, please call 021-9902-1074 or 9902-1119

SSGC | **Sui Southern Gas Company Limited**

In case of emergency Call **1199**

www.ssgc.com.pk


CANVAS

Battling cancer with a miracle drink

You need one beet root, one carrot and one apple that combine together to make this Juice!

Wash the above, cut (with the skin) on into pieces and put them into the juicer and immediately drink the juice. You can add some lime or lemon for a more refreshing taste.



This Miracle Drink will be effective for the following ailments:

1. Prevents cancer cells to develop. It will restrain cancer cells to grow.
2. Prevents liver, kidney, pancreas diseases and it can cure ulcer as well.
3. Strengthens the lungs, prevents heart attack and high blood pressure.
4. Strengthens the immune system.
5. Good for the eyesight, eliminates red and tired eyes or dry eyes.
6. Helps to eliminate pain from physical training or muscle ache.
7. Detoxifies, assists bowel movement, eliminates constipation. Therefore it will make skin healthy and look more radiant. It is God sent for acne problem.
8. Improves bad breath due to indigestion and throat infection.
9. Lessens menstrual pain.
10. Assists hay fever sufferers from hay fever attacks.

There is absolutely no side effect. Its highly nutritious and very effective if you need to lose weight. You will notice your immune system improving after a 2-week routine. Please make sure to drink immediately from the juicer for best effect.

Drink it first thing in the morning on an empty stomach. After one hour, you can eat have breakfast. For quick results, drink two times a day, in the morning and before 5 p.m. ■


The Power of Potassium

For some people, getting more of potassium may be as important for controlling blood pressure as is getting less sodium. The third most abundant mineral in the body after calcium and phosphorus, potassium is an electrolyte-a substance that takes on a positive or negative charge when dissolved in the watery medium of the bloodstream. The body uses potassium and other electrolytes to conduct nerve impulses, initiate muscle contractions, and regulate heartbeat and blood pressure. Studies have shown that people who get plenty of potassium in their diets have lower blood pressure than those who get very little, even when their sodium intake remains high. Through its effects on blood pressure, potassium may also decrease the risk of heart disease and stroke. Potassium also may help against osteoporosis by preventing the body from stealing calcium from bones. ■

Top Potassium-Rich Foods

1. Beet greens, cooked
2. White beans, canned
3. Dates
4. Tomatoes, pureed, canned
5. Raisins
6. Potato, baked with skin
7. Trail mix (combination of dried fruit, grains, nuts, and sometimes chocolate, developed as a snack food to be taken along on outdoor hikes), tropical
8. Soybeans, cooked





24 steps to get closer to Allah

1. Start off each day with 'adhkaar al-Istiyqaadh' (waking up Supplications), thanking Allah for waking up in good shape.
2. Put Allah first in your life.
3. Broaden your horizons - learn 5 new verses from the Quran every day, travel to pray far in the mosque to brighten your day, take up a booklet having supplications and read them.
4. Pray Salaat Al-dhuhaa (after sunrise).
5. If someone says something mean to you, just shrug it off and dismiss it in a friendly, laidback manner, and pray that Allah shall forgive them.
6. When you get angry, remember Allah, and how short and worthless life is to waste in being Angry.
7. Remember that you can never have too many friends, but you can have few quality friends that help you fulfill the purpose of your creation (i.e. live for Allah).
8. When you're happy, try to share your happiness with others. Thank Allah for that, and pray its continuation.
9. When something bad or embarrassing happens to you, just think that it could always be worse, remember the reward of patience, and thank Allah that it's not worse than it is.
10. Do something extra of goodness once in a while, like feeding a poor person, or caressing an orphan's head.
11. Never stop believing that you can win Allah's love and thus work For it. Then you can win the love of Allah's slaves.
12. Spend some time thinking of Allah's amazing creation.
13. Always love those who love Allah unconditionally. This way you will ensure that you live for Him, love for Him, and hate for Him (those who are enemies of Him).
14. Find the righteous ways to express yourself, and if you think that what you are about to say shall cause no benefit, maintain silence (this is tough!!).
15. Every now and then, give yourself a break. Play sports, give time to your family, friends, but always remember Allah and that He is watching you.
16. Pray for blessing to come to those being lost, and pray to Allah to guide them to the right path.
17. Hug your parents, kiss their hands and heads and always obey but stop at Allah's orders.
18. Smile to everyone, for your smile makes a big difference to him or her and you are rewarded.
19. Forgive, forget and smile.
20. Tears are not for women only… tears are for all human beings with feelings remaining in them. Don't restrain your tears when remembering Allah.
21. When people criticize your actions and effort, revise your actions and see if they please Allah or not. If they do; then ignore and remember how the Prophet (SAW) and the Sahaba were criticized, made fun of and even physically harmed, so have patience.
22. Read the Quran daily and try to have a schedule for completing it as much as you could. As you open the Quran daily, read with observing not just passing your eyes through the words.
23. Don't let popularity go to your head, for it never lasts and you may lose from it more than gain.
24. Never look down on anybody, for, to Allah, they may be better than you.



Dr. Faizullah Abbasi, MD SSGC, Dr. Ejaz Ahmed, GM (HR), Riaz Akhtar Awan, Chairman (CBA) and Ejaz Baloch, President (CBA) addressing the gathering on the occasion of the first meeting of Charter of Demand.



Azim Iqbal Siddiqui, DMD (South) representing SSGC at the 7th CNG Conex 2011 Conference held on March 24, 2011 in Karachi. DMD (South) addressed the audience on gas-related issues especially with reference to the CNG industry.



Mr. Benoit of the European company, Pall Limited making a presentation to the senior management and concerned executives on 'Black Powder Removal from Gas Lines' on March 3, 2011 at SSGC's Boardroom.





Azim Iqbal Siddiqui, DMD (S) addressing CC & B, Billing and other CRD officials on the occasion of the launch of dashboard seminar for CC & B users.







Salim A. Mughal, SGM (D) and Abdul Majid Malik, GM (CRD) presenting promotion letters to the newly promoted executives at a simple ceremony held at the Department in March 2011.





Five Measurement Department engineers namely Mr. Qadir Bux Shaikh, Engr. Muhammad Taj, Akbar Khatri, Omer Sharif and Abul Hassan participated in the course meant to familiarize Distribution Engineers with Orifice Type Metering and Gas Flow Computers used at Sales Meter Stations (SMS). Topics covered through this course included Gas Quality & Energy Measurement, Gas Measurement, Installation & Maintenance of Electronic Volume Correctors, CMS Maintenance and Meter Testing/Field Proving Equipments.

حيدرآباد ريجنل آفيس پاران لطيف آباد ۾ گيس چوري خلاف منظم کارروائي

گيس جي چوري ۽ ضياع (UFG) جي خاتمي لاءِ مئنيجنگ ڊائريڪٽر جي خصوصي هدايتن جي پيروي ۾ 17 جنوري 2011 جو حيدرآباد جي ريجنل آفيس ۾ مختلف ڊپارٽمينٽس پاران گڏيل طور تي گيس جي چوري خلاف هڪ وڏي کارروائي عمل ۾ آندي ويئي. جنرل مئنيجر (ڊسٽريبيوشن سنڌ) مشتاق صديقي جي هدايتن تي، ڪسٽمر ريليشن ڊپارٽمينٽ سرولينس ۽ مانيٽرنگ، ڊسٽريبيوشن مينٽيننس، ايڊمنسٽريشن ۽ سيڪيورٽي ڊپارٽمينٽ جي ويجهي تعاون سان مصطفيٰ ڪالوني، لطيف آباد نمبر11، حيدرآباد ۾ گيس چوري جي وڏي واردات کي پڌرو ڪيو جتي 120 گهرن ۾ رٻڙ پائپ جي ورڇڻهيل جال ذريعي ڪنهن رجسٽريشن ڪانسواءِ غيرقانوني طور تي قدرتي گيس استعمال ٿي رهي هئي.

هي گڏيل ڇاپو، جنهن کي قائم مقام سينئر جنرل مئنيجر (نارٿ) شعيب وارثي ۽ مقامي



پوليس جي مدد سان عمل ۾ آيو ۽ سئي سدرن گيس جي ٽيم مين سپلائنگ لائن جي ٻن انچ "2 قطر جي فيبر تي ڪليمپ هٽائي ڪامياب سان پائپ لائن جي مرمت ڪري ڇڏي جتان کان 120 گهر هڪ ڪلوميٽر کان وڌيڪ ايراضي تي پکڙيل رٻڙ پائپن ذريعي سڌو سنئون چوري سان گيس حاصل ڪري رهيا هئا.





ان گيس چوري سان ڪمپني کي پهچندڙ نقصان جو ڪاٽو -/798,000 رپيا ماهوار آهي جڏهن ته گيس جي ماهوار کپت تقريباً 300mcf آهي. ڪمپني جي بنياد تي سڌو سنئون اثرانداز ٿيندڙ يو ايف جي مد ۾ پهچندڙ پاري نقصان جي اپاءُ لاءِ اهڙين ڪاوشن جي شديد ضرورت آهي.

سرياب زون، ڪوئٽا ۾ گيس چوري جو خاتمو

بلوچستان ۾ سئي سدرن گيس ڪمپني هر وقت چست ٽيم يو ايف جي خلاف جنگ ۾ پنهنجو پرپور ڪردار ادا ڪرڻ لاءِ هميشه هر ممڪن ڪوشش ڪندي آهي. ان حوالي سان زونل مئنيجر ڪوئٽا ريجن، محمد انور بلوچ کي معتبر ذريعن وٽان اطلاع ملي ته ايسٽرن بائي پاس وٽ، سرياب زون ۾ واقع سيڪريٽري ويلفيئر بورڊ ڪالوني جا رهواسي غيرقانوني بنياد تي غير رجسٽرڊ گيس استعمال ڪري رهيا آهن.



سئي سدرن گيس جي ٽيم اوچتو دورو ڪري جائايل ڪالوني مان گهر گهر سروي ڪيو ته انڪشاف ٿيو ته تقريباً 20 ڪوارٽرزن جي



رهواسين زمين اندرو ڪليمپس ذريعي غيرقانوني طريقي سان گيس استعمال ڪري رهيا هئا.

ٽنڊو محمد خان جي ٽن ڳوٺن کي گيس جي فراهمي جي شروعات



نجڪاري ۽ بجلي واري وفاقي وزير سيد نويد قمر 6 مارچ 2011 تي تعلقي بولاري، ضلعي ٽنڈومحمد خان جي ٽن ڳوٺن کي قدرتي گيس جي فراهميءَ جي افتتاحي تقريب جي موقعي تي خاص مهمان هئا. انهن ڳوٺن ۾ الله ڏنو سولنگي، حاجي نٿلو جماري ۽ ڏاندي شامل آهن.

54 لکن جي لاڳت رکندڙ 2.95 ڪلوميٽر ڊگهي ڊسٽربيوشن پائپ لائن ڳوٺ الله ڏنو سولنگي کي قدرتي گيس پهچائي ويندي جڏهن ته حاجي نٿلو جماري کي ۽ ڏانڊهي کي ترتيبوار ساڌا يارنهن لک رپين جي لاڳت رکندڙ 0.9 ڪلوميٽر ڊگهي ۽ 13 لک رپين جي حامل 1.3 ڪلوميٽر ڊگهي پائپ لائن جي ذريعي گيس فراهم ڪئي ويندي.

اسپيشل پروجيڪٽ ڊائريڪٽر (ڪوآرڊينيشن اينڊ اسپيشل پروجيڪٽ) محمد هاشم پنهنجي استقباليه تقرير ۾ سئي سدرن گيس ڪمپني پاران حڪومت کي پرپور سهڪار جو يقين ڏياريندي چيو ته اداري پنهنجي اختيارن ۾ گيس جي تقسيم جي نيٽ ورڪ کي مستحڪم ڪرڻ لاءِ هر ممڪن ڪوشش ڪندو. انهن چيو ته مهمان خاص کي چارٽس جي مدد سان گيس جي تقسيم جي ان



پروجيڪٽس جي تفصيلن سان آگاهه ڪيو.

ان موقعي تي خطاب ڪندي وفاقي وزير حڪومتي عزم کي ورجائيندي چيو ته حڪومت جي همیشہ کان پهرين ترجيح عوام کي بنيادي سهولتون جي فراهمي رهي آهي. جناب نويد قمر وڌيڪ چيو ته حڪومت ملڪ جي هر ڪُنڊ خاص طور ڏورانهن علائقن ۾ قدرتي گيس جي فراهمي جي واعدن تي پورو لهي رهي آهي. جناب نويد انهن منصوبن کي پڄاڻي وقت کان اڳ ٽيٽ تي سئي سدرن گيس جي انتظاميه کي خراج تحسين پيش ڪيو ۽ انهن لاڳاپيل منصوبن جي نقاب ڪشائي ڪانپوءِ تعلقي بلاري جي ٽن ڳوٺن کي گيس جي فراهمي جو افتتاح ڪندي علامتي مشعلون به روشن ڪيون.





ماٺهن جي گهٽي تعداد گيس جي تقسيم جي انهن منصوبن جي افتتاحي تقريب کي ڏسڻ لاءِ موجود هئي جنهن ۾ نمايان شخصيتون مثال طور ضلعي صدر پي پي پي ٽنڈومحمد خان، محمد امين لاکو، جنرل مئنيجر (ڊسٽريبيوشن، سنڌ) مشتاق صديقي، قائم مقام ڊپٽي جنرل مئنيجر (ايڊمنسٽريشن، حيدرآباد) عبدالوهاب صديقي ۽ ريجنل مئنيجر حيدرآباد، رشيد خانزاده، علاقائي نمائنده ۽ مقامي افراد موجود هئا. انهن ٽنهي افتتاحي تقريبن کي منعقد ڪرڻ ۾ ريجنل آفيس حيدرآباد جي ايڈمنسٽريشن ڊپارٽمينٽ انتهائي پيشيوراڻ انداز ۾ ڪيو هو.

انتظامي معاملن ۾ ڦڙتي ۽ مهارت جي علامت: اي ايس ڊپارٽمينٽ



سئي سدرن گيس جو ايڊمنسٽريٽيو سروسز ڊپارٽمينٽ پنهنجي انتهائي مستعد ڪارڪردگي سان هڪ اهڙي يونٽ جي حيثيت سان پنهنجي ساک جوڙي چڪو آهي جيڪا نظر و نسق متعلق معاملن فرض شناسي، مستعدي ۽ بلا شبہ پيشيوراڻ مهارت سان سرانجام ڏيندو آهي. عامر ممتاز خان، جي ايم (اي ايس) جي سربراهي ۾ هي ڊپارٽمينٽ پنهنجي دائري ۾ ايندڙ سمورا انتظام سنيالي ٿو جن ۾ ڪمپني جون سموريون تقريبون، بشمول سيمينارز، پريزيشنز ۽ ميٽنگز جي انتظام سان گڏوگڏ انهن تقريبن جي ڪاميابي لاءِ بين ڊپارٽمينٽس سان ماهراڻ رابطا رکڻ به شامل آهي. هتي اهو ذڪر ڪرڻ مناسب آهي ته ايڊمنسٽريٽيو ڊپارٽمينٽ جا انتهائي مستعد ميمبر جن ۾ تنوير سومرو، رعنا خان، محمد علي، احمد علي، شيش پال، طارق برني ۽ شيراز شامل آهن، اسپيڪرز سيريز سمپوزيئمز ۽ مذهبي تقريبون وغيره جي انعقاد ۾ پنهنجو پرپور ڪردار ادا ڪرڻ لاءِ انتهائي پيشہ وراڻ انداز ۾ ڪارپوريٽ ڪميونيڪيشن ڊپارٽمينٽ سان رابطي ۾ رهن ٿا.

معذرت



ادارتي ٽيم "دي فليم" جي فيبروري مهيني واري شماري ۾ ٽيل هڪ غلطي تي معذرت جو اظهار ڪري ٿي جتي صفحي نمبر4 تي سيڪريٽري پلاننگ، حڪومت سنڌ، عبدالرفيق لغاري جو نالو ۽ عهدو غلطي سان خالد وحيد خان، اسپيشل سيڪريٽري (سائنس اينڊ ٽيڪنالاجي) شايع ٿي ويو آهي. جاڻايل جاءِ تي عبدالرفيق لغاري سيڪريٽري پلاننگ، حڪومت سنڌ پڙهيو وڃي.

عبدالله کوسو ۽ حبيب الله انڑ کي گيس جي فراهمي جو افتتاح











سيد نويد قمر نجڪاري ۽ بجلي واري وفاقي وزير 20 مارچ 2011 کي تعلقي ۽ ضلعي حيدرآباد جي ڳوٺن عبدالله کوسو ۽ حبيب الله انڑ کي گيس جي فراهمي جو افتتاح ڪيو.

1.200 ڪلوميٽر ڊگهي عبدالله کوسو ڳوٺ منصوبو 17 لک پنجاهه هزار رپين جي لاڳت سان مڪمل ڪيو ويو آهي ۽ ان سان 300 کان وڌيڪ گهرن کي فائدو پهچندو. جڏهن ته ٻئي پاسي 0.500 ڪلوميٽر ڊگهي حبيب الله انڑ منصوبو 18 لک 60 هزار رپين جي مجموعي لاڳت سان پڄاڻي تي پهتو آهي.

اُنڑ ڳوٺ جي رهواسين، غلام عباس، محمد هاشم، ايس پي ڊي (ڪوآرڊينيشن اينڊ اسپيشل پروجيڪٽس)، مشتاق صديقي، جي ايم (ڊي)، سنڌ عبدالوهاب صديقي، اي ڊي جي ايم (اي ايس) حيدرآباد ۽ ٻين لاڳاپيل مقامي آفيسرن سوڏو عبدالرشيد خانزاده، آر ايم (حيدرآباد) ۽ عبدالرشيد نوناري، اي ايم (اي ايس) ان موقعي تي موجود هئا.





کورواھ لاءِ گيس ڊسٽريبيوشن پروجيڪٽ جي پيڙھ جو پٿر رکڻ جي تقريب





اسپيڪر قومي اسيمبلي محترمہ فهميده مرزا 13 مارچ 2011 تي کورواھ تائون، تعلقو گولاڙچي، ضلعي بدين کي گيس جي فراهمي جو سنگ بنياد رکڻ جي تقريب جي موقعي تي مهمان خاص هئي. انهن منصوبن تحت 4.226 ملين رپين جي لاڳت سان 22.7 ڪلوميٽر ڊگهي ڊسٽريبيوشن پائپ لائن ذريعي کورواھ تائون جي 3000 گهرن کي قدرتي گيس فراهم ڪرڻ جو منصوبو جوڙيو ويو آهي جيڪو2012-2011 تائين مڪمل ٿيڻ جي توقع آهي.

مهمان خاص ان موقعي تي هڪ وڏي اجتماع کي خطاب ڪندي کورواھ تائون جي رهواسين کي گيس جي فراهمي جي هن پروجيڪٽ جي شروع ٿيڻ تي مبارڪباد پيش ڪندي چيو تہ انهن جي زندگين ۾ سهولت ۽ کورواھ تائون لاءِ ترقي سان گڏ خوشيون آڻيندو. ڊاڪٽر فهميده ان ڊسٽريبيوشن پروجيڪٽ جي شروعات تي سئي سدرن گيس کي خراج



تحسين پيش ڪندي چيو تہ هي ادارو ملڪ جي ڏورانهن علائقن ۾ رهندڙ ماڻهن جي زندگيون بدلائڻ لاءِ حڪومتي خواهش جي پڄاڻي ۾ مددگار ثابت ٿيندو. پيڙھ جي پٿر جي نقاب ڪشائي ڪانپوءِ انهن پهريون جوائنٽ ويلڊ ڪري ڪم جو باقاعده آغاز ڪيو.

ان موقعي تي سندس پُٹ بيريسٽر حسنين بہ خطاب ڪيو ۽ ان منصوبي جي شروعات تي خوشي جو اظهار ڪيو جيڪو علائقي ۾ ترقي جو نئون باب کوليندو.

اسپيشل پروجيڪٽ ڊائريڪٽر (ڪوآرڊينيشن اينڊ اسپيشل پروجيڪٽس) محمد هاشم پنهنجي استقباليہ خطاب ۾ حڪومت پاران پنهنجي شهرين جي زندگي ۾ مثبت تبديلي آڻڻ جي ڪوشش ۾ سئي سدرن گيس جي پرپور سهڪار جي عزم کي سراهيو. ماڻهن جي وڏي تعداد پيڙھ جي پٿر رکڻ واري تقريب ڏني جن ۾ نمايان شخصيتون مثلاً ڪامران خان چانگ، ضلعي صدر پي پي پي بدين، جنرل مئنيجر (ڊسٽريبيوشن سنڌ) مشتاق صديقي، قائم مقام ڊپٽي جنرل مئنيجر (ايڊمنسٽريشن، حيدرآباد) عبدالوهاب صديقي ۽ ريجنل مئنيجر حيدرآباد، رشيد خانزاده، علاقائي نمائندن ۽ کورواھ جا مقامي ماڻهو شامل هئا.











رسالت ﷺ میں حمد ونعت کے ہدایائے عقیدت نہایت عمدگی سے پیش کر کے سامعین سے داد وتحسین حاصل کی۔

نقیبِ محفل محمد علی گوہر، ڈپٹی چیف منیجر (کارپوریٹ کمیونیکیشنز) تھے۔ جنہوں نے نہایت مہارت اور منجھے ہوئے انداز سے نظامت کے فرائض سرانجام دیئے۔ قابل تحسین بات یہ ہے کہ وہ حمد ونعت کی بڑی بڑی محافل کے علاوہ مذہبی وسماجی تقریبات کی نظامت کے حوالے سے بھی ایک تجربہ کار اور معروف کمپیئر کی حیثیت سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔

وطنِ عزیز کے نامور ثناء خواں حضرات ذوالفقار علی، سید خالد حسین شاہ، مکرم علی خان، حسان خورشید، وسیم احمد کھوکھر، محمد اسلم حسانی اور قاری محمد اکبر قریشی جنہیں خصوصی طور پر مدعو کیا گیا تھا، نے اپنے دل نشیں انداز میں خوب صورت نعتوں کے ہدیئے پیش کیے۔ ذوالفقار علی نے مشہور نعت ''در نبی پر پڑا رہوں گا پڑے ہی رہنے سے کام ہوگا''

سید خالد حسین نے ''کھلا ہے سبھی کے لیے باب رحمت وہاں کوئی رتبے میں ادنیٰ نہ عالی''، حسان خورشید نے مشہور زمانہ نعت ''کوئی سلیقہ ہے آرزو کا نہ بندگی میری بندگی ہے'' جبکہ مکرم علی خان نے قصیدہ بردہ شریف کو اردو ترجمہ کے ساتھ پیش کیا۔ اسلم حسانی نے دف پر معروف نعتیہ کلام پیش کیے جبکہ وسیم احمد کھوکھر نے ولادت کے حوالے سے خوب صورت کلام پیش کیا۔ تمام نعت خواں حضرات کو حاضرین نے بھرپور داد وتحسین سے نوازا اور تمام وقت آڈیٹوریم سبحان اللہ کی صداؤں سے گونجتا رہا۔ محفل کے دوران حاضرین مجلس پر رقت سی طاری ہوگئی تھی اور ان کی آنکھیں اشکبار ہوگئی تھیں۔

اس موقع پر معروف مذہبی اسکالر اور کراچی یونیورسٹی کے شعبۂ عربی کے پروفیسر ڈاکٹر اسحاق منصوری نے ''سیرت محمدی ﷺ کا پیغام.....اکیسویں صدی کے مسلمان کے نام'' کے عنوان سے نہایت فصیح و بلیغ تقریر کی۔ آپ نے نہایت اختصار کے ساتھ موجودہ دور کے مسلمانوں میں پائی جانے والی بعض اہم خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں دور کرنے کی تلقین کی۔ انہوں نے تمام ملازمین سے درخواست کی کہ گھروں میں اپنے بچوں کو قرآن حکیم کی تعلیم سے اچھی طرح روشناس کرائیں کیونکہ یہی ہماری اصل بنیاد ہے۔ معروف سلام ''مصطفی جان رحمت پہ لاکھوں سلام'' اور ''یارسول اللہ تیرے در کی فضاؤں کو سلام'' پیش کرنے کے بعد دعا کا اہتمام کیا گیا۔

سید حسن نواب، ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (نارتھ) نے محفل کے اختتام پر تمام مہمان نعت خواں حضرات کی خدمت میں تحائف پیش کیے اور اس محفل میں شرکت کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ تمام حاضرین مجلس میں پروگرام کے اختتام پر مٹھائی تقسیم کی گئی جبکہ مہمان حضرات کی عصرانہ سے تواضع کی گئی۔

اس محفلِ پاک میں خواتین کے لیے آڈیٹوریم سے ملحق ہال میں نشست کا خصوصی اہتمام تھا جہاں بڑی اسکرین پر محفلِ نعت کی کارروائی براہ راست دکھائی جارہی تھی۔

محفل میں کراچی ٹرمینل سمیت کمپنی کی دیگر لوکیشنز سے کافی تعداد میں افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔ پروگرام کے آخر میں اکثر حضرات نے اتنی خوبصورت محفل کے انعقاد پر سی ڈی کی سربراہ محترمہ نسرین حسین صاحبہ اور ان کی ٹیم کو مبارک باد پیش کی اور اپنی مسرت کا اظہار کیا۔

اس یادگار روح پرور محفل کے انعقاد میں ایڈمن ڈپارٹمنٹ، سیکورٹی ڈپارٹمنٹ اور سروسز ڈپارٹمنٹ کے افسران اور کارکنوں نے سی سی ڈی کی معاونت کی۔

تحریر: عنایت اللہ اسماعیل (ڈپٹی چیف منیجر، میڈیا ریلیشنز)







رُوح پرور محفلِ میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم برائے حضرات







ہوئی تیریؐ آمد آمد تو برائے خیر مقدم
کہیں کھل گئے گلستاں کہیں ہوگیا چراغاں

کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کی جانب سے ماہِ ربیع الاول کی مناسبت سے محفلِ میلاد کا انعقاد اب ایک مستقل اور اعلیٰ روایت بن چکی ہے۔ اس سال 8 مارچ 2011ء کو سوئی سدرن گیس کی خواتین ملازمین کے لیے منعقدہ محفل میلاد کے ایک ہفتے بعد ہی 15 مارچ 2011ء کو ملازمین حضرات کے لیے ایک انتہائی پُر کیف اور خوبصورت محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ہیڈ آفس کے آڈیٹوریم کو نہایت خوبصورتی اور عمدگی سے سجایا گیا تھا۔ اس تزئین و آرائش میں کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کی سربراہ محترمہ نسرین حسین کا ذوق زیبائش خاص طور پر نمایاں تھا۔

محفل کا آغاز ٹھیک 3 بجکر 5 منٹ پر تلاوتِ قرآن حکیم سے ہوا۔ بعد ازاں محترمہ نسرین حسین صاحبہ نے خطبۂ استقبالیہ پیش کیا۔ محفلِ میلاد کے ابتدائی حصے میں حسبِ روایت کمپنی کے ملازمین جن میں قاری رئیس احمد، ایگزیکٹیو (کسٹمر زسروسز)، محمد رضوان انصاری، ایگزیکٹیو (کارپوریٹ کمیونیکیشنز)، ذیشان اسلم، اسسٹنٹ منیجر (انٹرنل آڈٹ) اور محمد قطب الدین، ڈی سی ایم (ایچ آر) شامل تھے، نے بارگاہِ خداوندی اور خدمت






















آقائے نامدار ﷺ پیش کر کے حاضرین محفل سے خوب داد و تحسین وصول کی۔

مستقل سبحان اللہ، ماشاء اللہ کی صداؤں نے آڈیٹوریم کو خوب باادب بنائے رکھا۔

مشہور خواتین نعت خوانوں نزہت فاطمہ انصاری، سیدہ زینب، عروج ناز نظامی اور تحریم منیبہ نے اپنی خوبصورت اور دل ربا آواز میں گل ہائے عقیدت پیش کیے۔

جو پر کیف اور معروف نعتیں پیش کی گئیں وہ یہ تھیں۔

(1) رسول مجتبیٰ کہیے محمد مصطفیٰ کہیے.....منیبہ شیخ
(2) یہ نعت مصطفیٰ کا معجزہ ہے.....تابندہ لاری
(3) خدا کی عظمتیں کیا ہیں، محمد مصطفیٰ ﷺ جانے.....سیدہ زینب
(4) خاک مجھ میں کمال رکھا ہے.....عروج ناز نظامی
(5) میں نظریں اٹھاؤں کہ دل کو سنبھالوں.....نزہت انصاری
(6) گل از روخطا موخطا شیریں چمنی را.....تحریم منیبہ

اس پروگرام میں SSGC کی خواتین نعت خوانوں شائلہ بیگ، مونا امبر (میٹریلز مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ) عائشہ عمران، نورین شجاعت (سیکورٹی سروسز ڈپارٹمنٹ) صبا ثاقب (سی ایف او آفس) اور مہ جبین زہرہ (ایس جی ایم ٹی آفس) نے مختلف مشہور درود و سلام کے اشعار پیش کر کے محفل کے کیف کو اور بھی دوبالا کر دیا تھا۔

اس محفل میں محترمہ منیبہ شیخ نے خصوصی مناجات پیش کی۔ مذکورہ تمام ثناء خوانوں اور محفل گاہ میں موجود خواتین نے ہدیہ درود و سلام پیش کیا۔ بعدازاں محترمہ جہاں آرا لطفی نے اثر انگیز دعا کروائی۔

تمام معزز مہمانانِ گرامی اور ثنا خوانوں کی خدمت میں تحائف پیش کیے گئے اور ان کی تواضع کی گئی۔ اس اعلیٰ اور کامیاب محفل کے انعقاد کے پس پردہ کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ اور ایڈمن سروسز ڈپارٹمنٹ کا بہترین ٹیم ورک ہے۔ اس محفل کے انعقاد کے لیے راقم الحروف نے معاونِ خصوصی کے طور پر اپنی خدمات پیش کیں۔ جن مہمان خواتین ثناء خوانوں کو مدعو کیا گیا تھا انہوں نے SSGC آڈیٹوریم کی سجاوٹ اور حسنِ انتظام کو انتہائی یکتا اور اعلیٰ ذوق کا مرقع قرار دیا۔

اختتامِ محفل پر تمام حاضرین میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

تحریر: محمد علی گوہر، ڈپٹی چیف منیجر (سی سی ڈی)




عظیم الشان پُر کیف محفلِ میلاد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برائے خواتین



ہستیٔ معظم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادتِ باسعادت کو اس ماہ میں خاص طور پر اور عمومی طور پر پورا سال ہی نہایت ادب و احترام کے ساتھ منایا جاتا ہے۔

ماہِ ربیع الاول وہ مبارک و مسعود مہینہ ہے جس میں تمام کائنات کی جان حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور آپ کے اخلاقِ کریمانہ اور تعلیماتِ حکیمانہ سے ساری دنیا، جو معصیت اور گمراہی کا گڑھ بنی ہوئی تھی، نورِ ہدایت سے منور ہوگئی۔ بالخصوص پھولوں کی جھالروں سے سجایا گیا تھا۔ سیدہ نسرین حسین ڈی جی ایم (سی سی ڈی) نے اس تزئین و آرائش کی خود نگرانی کی اور محفل گاہ کو انتہائی پُر رونق بنانے میں بنیادی کردار ادا کیا۔

مینجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر فیض اللہ عباسی کی اہلیہ محترمہ سیما فیض اللہ عباسی اور ایم ڈی صاحب کی ہمشیرہ آپا تسنیم صاحبہ نے اس محفل مبارک میں خصوصی طور پر شرکت فرمائی اور اعلیٰ حسنِ انتظام پر کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کی کاوشوں کو بے حد سراہا۔ کمپنی کی معروف نعت خواں و کمپیئر محترمہ سیدہ زینب نے اپنے دل نشیں انداز میں اس محفل کی نظامت کے فرائض سرانجام دیئے۔

اس محفل پُر تقدیس کا باقاعدہ آغاز قاریہ تحریم منیبہ کی قرأت سے ہوا۔

حمد و نعت اور درود و سلام کے نذرانوں نے محفل کو انتہائی روح پرور بنا دیا تھا۔ اعلیٰ روحانی اور سکون آور نغمات طیبات نے ہر سامع کو گل ہائے عقیدت کا گرویدہ اور آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کا نشان بنا دیا تھا۔





جزیرہ نما عرب جو اخلاق اور تمدنی اعتبار سے پست ترین مقام پر تھا لیکن آپ ﷺ کی تشریف آوری سے وہاں کے گنوار، اُجڈ اور وحشی انسان پوری دنیا میں اعلیٰ اخلاق کے روشن مینار بن گئے۔

سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ نے اپنی اعلیٰ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ہیڈ آفس آڈیٹوریم میں 8 مارچ 2011ء کو انتہائی روح پرور محفل میلاد النبی ﷺ برائے خواتین کا انعقاد کیا۔ اس محفل کو آراستہ کرنے کا اعزاز کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ نے حاصل کیا۔ آڈیٹوریم کے اسٹیج اور دیواروں کو دیدہ زیب انداز میں

سینئر مینجمنٹ کے اعلیٰ افسران کی بیگمات اور کراچی ریجن کی SSGC کی خواتین افسران اور ملازمین نے بھی بھرپور شرکت کی۔ معروف شخصیت محترمہ زبیدہ طارق نے بھی خصوصی شرکت کی۔

اس محفلِ مبارکہ میں شعبۂ نعت سے وابستہ معروف خواتین ثناء خوانوں کے علاوہ اہلِ علم و دانش نے بھی خصوصی شرکت کی۔

تمام مہمانانِ گرامی اور حاضرینِ محفل کی تشریف آوری کے فوری بعد محفل کے آغاز کا سلسلہ شروع ہوا۔

معروف اسکالر محترمہ جہاں آرا لطفی صاحبہ، اسسٹنٹ پروفیسر شیخ زید اسلامک سینٹر، جامعہ کراچی نے دینِ اسلام کے تقاضوں کو سمجھنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت پر خصوصی گفتگو کی۔ انہوں نے موجودہ دور میں بے راہ روی، اخلاقی پستی اور بے حسی جیسی برائیوں پر قابو پانے کے لیے انفرادی اور اجتماعی کاوشوں پر زور دیا۔

پاکستان کی صفِ اول کی نامور ثناء خواں محترمہ منیبہ شیخ اور محترمہ تابندہ لاری نے اپنے دل نشیں انداز میں گل ہائے عقیدت بحضور







میٹر پلانٹ میں محفلِ میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا انعقاد







ربیع الاول کے مبارک مہینے کی مناسبت سے 4 مارچ 2011 کو میٹر پلانٹ کی حدود میں محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سالانہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جناب مصطفیٰ عبداللہ اس بابرکت موقع پر مہمانِ خصوصی تھے جب کہ میٹر پلانٹ کے عملے کے علاوہ کمپنی کے ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

میلاد کا آغاز جناب سہیل احمد کی طرف سے قرآن پاک کی مقدس آیات کی تلاوت سے کیا گیا جس کے بعد قاری محمد عظیم قادری، جناب احمد مصطفیٰ، جناب معشوق علی چانڈیو، جناب محمد رفیع اور جناب قطب الدین نے گل ہائے حمد و نعت پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ جنہیں حاضرین کی طرف سے دل کھول کر سراہا گیا۔ حمد و نعت کے بعد معروف عالم دین علامہ کامران قادری نے سیرتِ طیبہ اور ولادت رسول پاک ؐ کے حوالے سے متاثر کن تقریر کی۔ پروگرام کا اختتام جناب عبدالجبار کی سربراہی میں اجتماعی دعا کے ساتھ ہوا۔ اس روح پرور تقریب کی کارروائی جناب فدا حسین قریشی کی زیرِ نظامت عمل میں آئی۔

تحریر: فدا حسین قریشی، منیجر (اسٹورز) کے ٹی



اے ایس ڈپارٹمنٹ ۔ انتظامی امور میں مستعدی اور چابکدستی کی علامت



سوئی سدرن گیس کا ایڈمنسٹریٹیو سروسز ڈپارٹمنٹ اپنی انتہائی مستعد کارکردگی کی بنا پر ایک ایسے یونٹ کی حیثیت سے اپنی ساکھ بنا چکا ہے جو نظم و نسق سے متعلق امور فرض شناسی، مستعدی اور بلاشبہ پیشہ ورانہ مہارت سے سرانجام دیتا ہے۔ عامر ممتاز خان، جی ایم (اے ایس) کی سربراہی میں یہ ڈپارٹمنٹ اپنے دائرہ کار میں آنے والے تمام ضروری انتظامات سنبھالتا ہے جن میں کمپنی کی تمام تقریبات بشمول سیمینارز، پریزنٹیشنز اور میٹنگز کے انتظامات کے ساتھ ساتھ ان تقریبات کے کامیاب انعقاد کے لیے دیگر ڈپارٹمنٹس کے ساتھ ماہرانہ رابطے استوار رکھنا بھی شامل ہے۔

یہاں یہ ذکر کرنا مناسب ہے کہ ایڈمنسٹریٹیو ڈپارٹمنٹ کے انتہائی مستعد ممبران، جن میں تنویر سومرو، رعنا خان، محمد علی، احمد علی، شیش پال، طارق برنی اور شیراز شامل ہیں، اسپیکرز سیریز سمپوزیمز اور مذہبی تقریبات وغیرہ کے انعقاد میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے ساتھ رابطے میں رہتے ہیں۔

حیدرآباد ریجنل آفس کی طرف سے لطیف آباد میں گیس چوری کے خلاف منظّم کارروائی





گیس کی چوری اور ضیاع (UFG) کے خاتمے کے لیے منیجنگ ڈائریکٹر کی خصوصی ہدایات کی پیروی میں 17 جنوری 2011 کو حیدرآباد کے ریجنل آفس کے مختلف ڈپارٹمنٹس کی طرف سے مشترکہ طور پر گیس چوری کے خلاف ایک بہت بڑی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ جنرل منیجر (ڈسٹری بیوشن، سندھ) مشتاق صدیقی کی ہدایات پر، کسٹمر ریلیشن ڈپارٹمنٹ نے سروے لینس اور مانیٹرنگ، ڈسٹری بیوشن، مینٹیننس، ایڈمنسٹریشن اور سیکیورٹی ڈپارٹمنٹ کے موثر تعاون سے مصطفیٰ کالونی، لطیف آباد نمبر 11، حیدرآباد میں گیس چوری کی بہت بڑی واردات کو بے نقاب کیا جہاں 120 گھروں میں ربر پائپوں کے پیچیدہ جال کے ذریعے کسی ریجسٹریشن کے بغیر غیر قانونی طور پر قدرتی گیس استعمال کی جارہی تھی۔

یہ مشترکہ چھاپہ مار کارروائی جسے قائم مقام سینئر جنرل منیجر (نارتھ) شعیب وارثی نے بھی دیکھا، مقامی پولیس کی مدد سے عمل میں لائی گئی اور سوئی سدرن گیس کی ٹیم نے مین سپلائنگ لائن کے دوانچ قطر کے فیڈر پر سے کلیمپ ہٹا کے کامیابی سے پائپ لائن کی مرمت کردی جہاں سے کالونی کے 120 گھر ایک کلومیٹر سے زائد رقبے پر پھیلے ربر پائپوں کے ذریعے چوری چھپے براہ راست گیس حاصل کررہے تھے۔

اس گیس چوری سے کمپنی کو پہنچنے والے نقصان کا تخمینہ 798,000 روپے ماہانہ ہے جب کہ گیس کی ماہانہ کھپت تقریباً 300mcf ہے۔ کمپنی کی بنیاد پر براہِ راست اثر انداز ہونے والے یوایف جی کی مد میں پہنچنے والے بھاری نقصانات کے تدارک کے لیے ایسی کاوشوں کی شدید ضرورت ہے۔







نصیر خان کی یاد میں

تحریر.....سعید احمد خان



پیپلز لیبر یونین (سی بی اے) کے انچارج میڈیکل کمیٹی نصیر خان کو 23 فروری 2011ء کو سفاک قاتلوں نے شہید کردیا تھا۔ ان کی نمازِ جنازہ میں انتظامیہ کی جانب سے جی ایم، ایچ آر جناب ڈاکٹر اعجاز، یونین کے صدر اعجاز بلوچ، چیئرمین ریاض اختر اعوان اور دیگر عہدیداران، سینئر نائب صدر اسلم راجپوت، دلاور بنگش، سعید احمد خان، ملک مرتضیٰ، شیر محمود، زاہد حبیب، آفیسر ایسوسی ایشن کے عرفان جعفری نے شرکت کی۔ نصیر خان کے سوئم کا اہتمام ان کے گھر پر کیا گیا تھا جس میں محنت کشوں نے بھرپور شرکت کی۔

یکم مارچ 2011ء کو اسی سلسلے میں قرآن خوانی کا اہتمام سائٹ آفس میں کیا گیا تھا جس میں سائٹ کے محنت کشوں نے بھرپور انداز میں شرکت کی۔ سائٹ کی انتظامیہ کی جانب سے جی ایم جناب جاوید اختر اور آئی آر کی جانب سے ملک الطاف اور ملک جاوید شریک ہوئے۔

قرآن خوانی اور ذکر کے بعد اس موقع پر اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے یونین کے صدر اعجاز بلوچ نے مرحوم نصیر خان کو بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے انعم میڈیکل سینٹر شہید نصیر خان سے منسوب کرنے کا اعلان کیا۔ چیئرمین ریاض اختر اعوان نے مرحوم کے قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے جوڈیشل انکوائری پر زور دیا۔ انتظامیہ کی جانب سے چیف منیجر آئی آر ملک جاوید نے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ آخر میں سائٹ کے محنت کش شاہد بھائی نے رقت آمیز دعا کی۔ تقریب کی نظامت سی بی اے کے ویلفیئر سیکریٹری ملک مرتضیٰ نے کی۔

محنت کشوں کی کثیر تعداد کے علاوہ یونین کے مرکزی قائدین سینئر نائب صدر اسلم راجپوت، ڈپٹی جنرل سیکریٹری دلاور بنگش، نائب صدر سعید احمد خان، سیکریٹری فنانس زاہد شعیب، گل عیسیٰ خان، شیر محمد، راجہ ریاست، بابو اقبال کے علاوہ OGDCL کے سیکریٹری کوآرڈینیشن پنجاب نسیم خان و دیگر نے شرکت کی۔

تعلقہ جھنڈو مری کے گوٹھوں میں قدرتی گیس کی آمد



جناب عبدالستار بچانی، ایم پی اے، سندھ اسمبلی نے 24 مارچ 2011 کو ضلع ٹنڈو الہ یار کے تعلقہ جھنڈو مری کے گوٹھوں، ڈپٹی عبدالحق، محمد ابراہیم اگلانی، کریم ڈنو اگلانی، محمد بچل ہالو اور غلام محمد بلوچ میں گیس کی سپلائی کا افتتاح کیا۔

ڈاکٹر فیض اللہ عباسی، ایم ڈی، سوئی سدرن گیس کمپنی بھی افتتاحی تقریب میں موجود تھے۔

5.500 کلومیٹر طویل گوٹھ ڈپٹی عبدالحق منصوبہ ایک کروڑ 24 لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے اور اس سے 1200 سے زائد گھرانوں کو فائدہ پہنچے گا جب کہ دوسری طرف 1.464 کلومیٹر طویل گوٹھ محمد ابراہیم اگلانی منصوبہ 16 لاکھ 79 ہزار روپے کی مجموعی لاگت سے تکمیل کو پہنچا ہے۔ دوسری طرف 0.396 کلومیٹر طویل کریم ڈنو اگلانی گوٹھ منصوبے کی تعمیر پر 6 لاکھ 52 ہزار روپے لاگت آئی ہے اور 150 گھرانے اس سے استفادہ کریں گے۔ اسی طرح 0.882 کلومیٹر پر مشتمل گوٹھ محمد بچل ہالو اور گوٹھ غلام محمد بلوچ منصوبوں کو 9 لاکھ 88 ہزار روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا جس سے 150 سے زائد گھرانے فائدہ اٹھائیں گے۔

جناب ذوالفقار ستار بچانی، چیئرمین آف سی سی بی، غلام نبی اگلانی گوٹھ کے مکین، شعیب وارثی، اے ایس جی ایم (نارتھ)، عبدالوہاب صدیقی، اے ڈی جی ایم (اے ایس) حیدرآباد اور عبدالرشید خانزادہ، آر ایم، حیدرآباد بھی افتتاحی تقریب میں موجود تھے۔











اُنڑ اور کھوسو گوٹھوں کو گیس سپلائی کی افتتاحی تقریب کا انعقاد






سید نوید قمر، وفاقی وزیر برائے نج کاری وبجلی نے 20 مارچ 2011 کو تعلقہ وضلع حیدرآباد کے گوٹھوں عبداللہ کھوسو اور حبیب اللہ اُنڑ کو گیس کی فراہمی کا افتتاح کیا۔

1.200 کلومیٹر طویل عبداللہ کھوسو گوٹھ منصوبہ 17 لاکھ پچاس ہزار روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے اور اس سے 300 سے زائد گھرانوں کو فائدہ پہنچے گا۔ جب کہ دوسری طرف 0.500 کلومیٹر طویل حبیب اللہ اُنڑ گوٹھ منصوبہ 18 لاکھ 60 ہزار روپے کی مجموعی لاگت سے تکمیل کو پہنچا ہے۔

اُنڑ گوٹھ کے مکین ،غلام عباس، محمد ہاشم، ایس پی ڈی (کوآرڈینیشن اینڈ اسپیشل پروجیکٹس)، مشتاق صدیقی، جی ایم (ڈی) سندھ، عبدالوہاب صدیقی، اے ڈی جی ایم (اے ایس) حیدرآباد اور دیگر متعلقہ مقامی افسران بشمول عبدالرشید خانزادہ، آر ایم (حیدرآباد) اور عبدالرشید نوناری، اے ایم (اے ایس) اس موقع پر موجود تھے۔














فراہمی کے وعدوں پر عمل پیرا ہے۔انہوں نے ان منصوبوں کی قبل از وقت تکمیل پر سوئی سدرن گیس کی انتظامیہ کو خراجِ تحسین پیش کیا۔انہوں نے متعلقہ منصوبوں کی نقاب کشائی کے بعد تعلقہ بلاری کے ان تین گوٹھوں کو گیس کی فراہمی کے افتتاح کرتے ہوئے علامتی مشعلیں بھی روشن کیں۔

لوگوں کی کثیر تعداد گیس کی تقسیم کے ان منصوبوں کی افتتاحی تقریبات کو دیکھنے کے لیے موجود تھی جن میں نمایاں شخصیات مثلاً ضلعی صدر پی پی پی ٹنڈو محمد خان، محمد امین لاکھو، جنرل منیجر (ڈسٹری بیوشن، سندھ) مشتاق صدیقی، قائم مقام ڈپٹی جنرل منیجر (ایڈمنسٹریشن، حیدرآباد) عبدالوہاب صدیقی اور ریجنل منیجر حیدرآباد، رشید خانزادہ، علاقائی نمائندے اور مقامی افراد موجود تھے۔ان تینوں افتتاحی تقریبات کا انعقاد ریجنل آفس حیدرآباد کے ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ نے انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں کیا تھا۔







معذرت

ادارتی ٹیم ''دی فلیم'' کے ماہِ فروری کے شمارے میں سرزد ہونے والی ایک غلطی پر معذرت کرتی ہے جہاں صفحہ 4 پر سیکرٹری پلاننگ، حکومتِ سندھ، عبدالرفیق لغاری کا نام اور عہدہ غلطی سے خالد وحید خان، اسپیشل سیکرٹری (سائنس اینڈ ٹیکنالوجی) شائع ہوگیا تھا۔مذکورہ جگہ اسے عبدالرفیق لغاری، سیکرٹری پلاننگ، حکومتِ سندھ پڑھا جائے۔

ٹنڈو محمد خان کے تین گوٹھوں کو گیس کی فراہمی کا آغاز









سید نوید قمر، وفاقی وزیر برائے نج کاری وبجلی ،6مارچ 2011 کو تعلقہ بولاری، ضلع ٹنڈو محمد خاں کے تین گوٹھوں جن میں گوٹھ اللہ ڈنو سولنگی، گوٹھ حاجی تھلو جمالی اور گوٹھ ڈانڈی شامل ہیں، کو قدرتی گیس کی فراہمی کی افتتاحی تقریبات کے موقع پر مہمانِ خصوصی تھے۔

54لاکھ روپے کی لاگت کی حامل 2.95 کلومیٹر طویل ڈسٹری بیوشن پائپ لائن گوٹھ اللہ ڈنو سولنگی کو قدرتی گیس پہنچائے گی جب کہ گوٹھ حاجی تھلو جمالی کو اور گوٹھ ڈانڈی کو بالترتیب ساڑھے گیارہ لاکھ روپے کی لاگت کی حامل 0.9 کلومیٹر طویل اور 13لاکھ روپے کی حامل 1.3 کلومیٹر طویل گیس پائپ لائن کے ذریعے گیس فراہم کی جائے گی۔

اسپیشل پروجیکٹ ڈائریکٹر (کوآرڈینیشن اینڈ اسپیشل پروجیکٹ) محمد ہاشم نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی طرف سے حکومت کو بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ادارہ اپنے دائرۂ عمل میں گیس کی تقسیم کے نیٹ ورک کو مستحکم بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گا۔ انہوں نے مہمانِ خصوصی کو چارٹس کی مدد سے گیس کی تقسیم کے ان پروجیکٹس کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے عوام الناس کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ یہ حکومت کی ہمیشہ سے اولین ترجیح رہی ہے۔ جناب نوید قمر نے کہا کہ حکومت ملک کے ہر کونے میں، خصوصاً دور افتادہ علاقوں کو قدرتی گیس کی















اس موقع پر ان کے بیٹے بیرسٹر حسنین نے بھی خطاب کیا اور اس منصوبے کے آغاز پر خوشی کا اظہار کیا جو علاقے میں ترقی کا نیا باب کھول دے گا۔

اسپیشل پروجیکٹ ڈائریکٹر (کوآرڈینیشن اینڈ اسپیشل پروجیکٹس) محمد ہاشم نے اپنے خطبۂ استقبالیہ میں حکومت کی طرف سے اپنے شہریوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کی کوششوں میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی بھرپور معاونت کے عزم کی تجدید کی۔ انہوں نے تقریب میں موجود تمام مہمانوں کو اجرک کا روایتی تحفہ بھی پیش کیا۔

اس موقع پر منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ لوگوں کی بڑی تعداد نے سنگِ بنیاد رکھے جانے کی تقریب میں شرکت کی جن میں نمایاں شخصیات، مثلاً کامران خان چانگ، ضلعی صدر پی پی بدین، جنرل منیجر (ڈسٹری بیوشن، سندھ) مشتاق صدیقی، قائم مقام ڈپٹی جنرل منیجر (ایڈمنسٹریشن، حیدرآباد) عبدالوہاب صدیقی اور ریجنل منیجر حیدرآباد، رشید خانزادہ، علاقائی نمائندے اور کھوروہاہ کے مقامی باشندے شامل تھے۔

اس پُروقار تقریب کا انعقاد ریجنل آفس حیدرآباد کے ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کی طرف سے کیا گیا تھا۔









ادارتی ٹیم

- ایس نسرین حسین
- سلمان احمد صدیقی
- سید عمران احمد

کوآرڈینیٹر: عزیز احمد خان

فوٹوگرافر: ابوالکلام

سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ

کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ

ساتویں منزل، ایس ایس جی سی ہاؤس، بلاک 14،

گلشن اقبال، کراچی-75300

پی اے بی ایکس: 021-9902-1771-5

فیکس: 9923-1622

ای میل: flame@ssgc.com.pk

ویب سائٹ: www.ssgc.com.pk

Sui Southern Gas Company Limited

Vol. 40 - April 2011

ضلیہ

www.ssgc.com.pk

سوئی سدرن گیس کمپنی کا اندرونی جریدہ

کھوروواہ ٹاؤن کے لیے گیس ڈسٹری بیوشن پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھنے کی تقریب



اسپیکر قومی اسمبلی محترمہ فہمیدہ مرزا 13 مارچ 2011 کو کھوروواہ ٹاؤن، تعلقہ گولارچی، ضلع بدین کو گیس کی فراہمی کا سنگِ بنیاد رکھے جانے کی تقریب کے موقع پر مہمانِ خصوصی تھیں۔ اس منصوبے کے تحت 74.226 ملین روپے کی لاگت سے 22.7 کلومیٹر طویل ڈسٹری بیوشن پائپ لائن کے ذریعے کھوروواہ ٹاؤن کے 3000 گھرانوں کو قدرتی گیس فراہم کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے جو مالی سال 12-2011 تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔

مہمانِ خصوصی نے اس موقع پر ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کھوروواہ ٹاؤن کے باسیوں کو گیس فراہمی کے اس پروجیکٹ کی مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ان کی زندگیوں میں سہولت اور کھوروواہ ٹاؤن کے لیے ترقی کا سبب بنے گا۔ ڈاکٹر فہمیدہ نے اس ڈسٹری بیوشن پروجیکٹ کے آغاز پر سوئی سدرن گیس کو خراجِ تحسین پیش کیا جو ملک کے دور افتادہ علاقوں میں بسنے والے لوگوں کی زندگیاں بدلنے کی حکومتی خواہش کی تکمیل میں مددگار ثابت ہوگا۔ سنگِ بنیاد کی نقاب کشائی کے بعد انہوں نے پہلا ویلڈ کر کے کام کا باقاعدہ آغاز کیا۔



